جنرل ہسپتال میں 15 کروڑ روپے کی جدید سی ٹی سکین کی خریداری رواں مالی سال میں کرنے کا فیصلہ

مریضوں کے لئے تشخیص کا عمل بہتر ہوگا، شعبہ ریڈیالوجی کی اپ گریڈیشن ہوگی: پروفیسر الفرید ظفر

سنگل سلائس سی ٹی سکین مشین نصب تھی، 128 سلائسز کی جدید سی ٹی سکین ریڈیالوجی کا حصہ بنے گی: پرنسپل پی جی ایم آئی

لاہور 5 دسمبر:...... پنجاب حکومت نے لاہور جنرل ہسپتال کے شعبہ ریڈیالوجی کی اپ گریڈیشن کا فیصلہ کیا ہے اور رواں مالی سال میں 15 کروڑ روپے کی لاگت سے 128 سلائسز کی سی ٹی سکین مشین کی خریداری کی منظوری دے دی۔ جس پر کام شروع کرتے ہوئے اسے سال 20-2019 میں مکمل کیا جائے گا۔ اس حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے بتایا کہ وزیر صحت پنجاب ڈاکٹر یاسمین راشد سرکاری ہسپتالوں میں طبی سہولیات کی فراہمی اور پہلے سے موجود سیٹ اپ کی بہتری کے لئے ذاتی دلچسپی لے رہی ہیں جبکہ وزیر اعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار نے بھی لاہور جنرل ہسپتال میں موجود طبی سہولیات کی بہتری میں کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اس سے پہلے سنگل سلائس سی ٹی سکین مشین نصب تھی جبکہ 128 سلائسز سی ٹی سکین کی تنصیب سے مریضوں کے لئے تشخیص کا عمل بہتر ہوگا۔ پروفیسر سردار محمد الفرید ظفر نے بتایا کہ ایل جی ایچ کے شعبہ بیرونی مریضاں اور ایمرجنسی میں روزانہ 8 ہزار کے لگ بھگ مریضوں کا علاج کیا جاتا ہے جبکہ شام کی شفٹ میں بھی شہریوں کی بڑی تعداد کو طبی سہولتیں فراہم ہوتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت صحت کے شعبے پر بھرپور توجہ دے رہی ہے اور جنرل ہسپتال کے شعبہ ریڈیالوجی کی اپ گریڈیشن کا فیصلہ اس سلسلے میں انتہائی اہمیت کا حامل ہے جس کے مستقبل میں مثبت اثرات سامنے آئیں گے اور مریضوں کی نگہداشت میں مزید بہتری آئے گی۔ ☆☆☆